24/02/2026

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اشفاق امین

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کھیلو انڈیا سرمائی کھیل امن ، مساوات اور یکجہتی کے جذبے کو تقویت بخشنے میں مدد گار ثابت ہو رہے ہیں ۔ گلمرگ میں کل کھیلو انڈیا سرمائی کھیل مقابلوں کے چھٹے شمارے کا آغاز کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ یہ بڑا سرمائی کھیل مقابلہ ہمارے قوم کی سپورٹنگ ثقافت کا عکاس ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں پچھلے چند برسوں کے دوران جموں کشمیر میں کھیلوں کے منظر نامے میں مثبت تبدیلی آئی ہے ۔

وزیر اعلیٰ

دریں اثناءوزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت گلمرگ کو مقام بنانے کی وعدہ بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ایسا کرنے سے کھیل Ski ایک بین الاقوامی سطح کا کود کے ساتھ ساتھ سیاحت سے جُڑے افراد کے لئے روزگار کے مواقعے پیدا ہوں گے ۔ انہوننے گلمرگ میں مصنوعی برف تیار کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ سرمایہ کاری کرنے کی ضرورت پر زور دیا ۔

وزارت داخلہ پالیسی

موضوع کے تحت نئی قومی PRAHAAR وزارت داخلہ نے دہشت پسندی کا مقابلہ کرنے کے لئے پالیسی اور حکمت عملی وضع کی ہے ۔ اس پالیسی میں دہشت پسندی سے پیدا شدہ خطرات سے نمٹنے کے حوالے سے ایک جامع فریم ورک کی عکاسی کی گئی ہے ۔ وزارت نے کہا ہے کہ اگر

چہ دہشت پسندی کے خطرات کی صورتیں بدلتی رہتی ہیں تاہم بھارت تمام صورتوں کی دہشت پسندی کا قلع قمع کرنے کا وعدہ بند ہے ۔

الیکشن کمیشن

الیکشن کمیشن آف انڈیا آج بھارت منڈپم نئی دلی میں چناؤکمیشن اور ریاستوں کے انتخابی کمشنروں کی قومی گول میز کانفرنس کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ راونڈ ٹیبل کانفرنس 27 برس کے عرصے کے بعد منعقد ہو رہی ہے اور اس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کر رہے ہیں ۔ اس کانفرنس کا مقصد الیکشن کمیشن اور سٹیٹ الیکشن کمشنروں کے مابین تعاون کو فروغ دینا ہے ۔

حادثہ

جارکھنڈ کے چھاترا ضلعے میں Simaria کے نزدیک کل شام دلی سے رانچی آ رہی ایک ائیر ایمبولنس گر کر تباہ ہو گئی ۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اس ایمبولنس میں سوار ساتوں افراد جان بحق ہوئے ہیں ۔

ضلع ترقیاتی کمشنرسرینگر

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے GMC سرینگر کی پرنسپل پروفیسر اِفت حسن شاہ کے ہمراہ Associated اسپتالوں کے لئے دس MVA رسیونگ سٹیشن کا معائینہ کیا ۔ اس موقعہ پر انہوں نے متعلقہ محکموں کو یہ رسیونگ سٹیشن بر وقت تیار کرنے پر تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس کی بدولت SMHS اسپتال ، سپر سپیشلٹی اسپتال ، ڈینٹل کالج اور نرسنگ کالج کو بجلی کی بہتر سہولیات دستیاب ہو ں گی ۔

پلوامہ

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل پلوامہ کے چیر پرسن سید عبد الباری نے ایک میٹنگ کے دوران رواں مالی سال کے دوران درِ دست لئے گئے ترقیاتی کاموں کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے تمام محکموں پر زور دیا کہ وہ باہمی تال میل کے ساتھ کام کر کے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں تاکہ لوگ بنیادی سطح پر مستفید ہو سکیں ۔

SMC

ڈَمپِنگ فیسلٹی کا Achan سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے سرینگر میں دورہ کر کے وہاں کوڑا کرکٹ کو سائنسی طریقے پر ٹھکانے لگانے سے متعلق طور طریقے کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ کارپوریشن شہر سرینگر میں کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے اور ماحولیات کو تحفظ دینے کی وعدہ بند ہے ۔

ناظم تعلیم

ناظم تعلیم کشمیر نصیر احمد وانی نے کل اننت ناگ ، کولگام اور پلوامہ میں تعلیمی ادارے کھلنے کے پہلے دن کئی سکولوں کا معائینہ کیا ۔ انہوں نے وہاں اساتذہ اور طلباءکے ساتھ بات چیت کی اور ان پر زور دیا کہ وہ سیکھنے اور سکھانے کا عمل اعلیٰ معیار تک پہنچائیں ۔

شوپیان

شوپیان میں کل پی ایم وِشو کرما سے متعلق ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس دوران کاریگروں کو مالی اعتبار سے با اختیار بنانے اور ان کی ترقی سے متعلق امور پر توجہ مرکوز کی گئی ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت صفر اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 13اعشاریہ 5 ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ